پاکستان

بشپ لوبو کے لیے "حسنِ کارکردگی" کا ایوارڈ

کراچی کے معاون بشپ انتھونی لوبو نے تعلیم کے میدان میں جو خدمات سرانجام دی ہیں، ان کے اعتراف میں صدر غلام اسحاق خان نے انہیں حسن کارکردگی کے ایوارڈ سے نوازا ہے۔

بشپ لوبو سینٹ پیٹرک کیمپس کے ریکٹر ہیں۔ کیمپس میں ایک ٹیکنیکل ٹریننگ سکول، ایک ٹیچرز ٹریننگ کالج کے علاوہ سیکنڈری اور پرائمری سکول شامل ہیں۔ ان اداروں میں تقریباً 4 ہزار طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ وہ اپنے قائم کردہ سینٹ مائیکل سکول کے پرنسپل بھی ہیں۔ بشپ لوبو کا شکریہ ادا کرنا چاہیے کہ سینٹ پیٹرک کیمپس میں عنقریب نوٹرے ڈیم کالج کام شروع کردے گا جو بی۔ایڈ کے کورسز پیش کرے گا۔ انہوں نے اپنے پروجیکٹ RISE (یہ تنظیم اسکولوں کے اساتذہ کو دوران ملازمت تربیت مہیا کرتی ہے۔) کے توسط سے سرکاری اسکولوں سمیت بہت سے تعلیمی اداروں کے اساتذہ کو تربیت فراہم کرنے کی پیش کش کی ہے۔ وہ مقامی آبادی کے لیے متعدد اردو میڈیم اسکولوں کا آغاز بھی کر چکے ہیں۔ تعلیم کے شعبے سے ہٹ کر وہ مستقبل میں ایک یتیم خانہ، عبادت کے لیے ایک مرکز اور کیتھولک مردوں کے لیے ایک جائے پناہ بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

بشپ لوبو ٹیچرز ٹریننگ سلیبس میں استعمال ہونے والی ایک کتاب کے مصنف بھی ہیں۔ ان کے اسکول کے ایک سابق طالب علم، وزیراعلیٰ سندھ جام صادق علی نے حال ہی میں انہیں اسکولوں کے لیے 25 لاکھ کی خطیر رقم بطور عطیہ پیش کی ہے۔ (رپورٹ: انٹرنیشنل فائڈز سروس)

یورپ/امریکہ

مسلمانوں کے ساتھ تعلقات بہتر بنائے جائیں۔ یورپی عیسائی ادارے کی اپیل

نیدرلینڈ کے ایک ادارے "Journees d, Arras" نے یورپی چرچوں کی کانفرنس اور یورپ میں (رومن) کیتھولک اپسکوپل کانفرنس کی کونسل میں شریک چرچوں سے اپیل کی ہے